# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu news Bulletin

**Time :**07:30.......07:40 / PM

Date: 03-August-2026

---

**Opening**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل احمد۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

---

ہیڈ لائنز

۱۔۔۔۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کا ترقیاتی عمل اور حیاتیاتی تنوع کے درمیان توازن برقرار رکھنے کا سائنسدانوں اور پالیسی سازوں پر زور۔

۲۔۔۔۔ مارشل آرٹ فائٹر اویس یعقوب کی Bulgaria میں جیت // وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے دی مبارکباد۔

۳۔۔۔۔ اننت ناگ کے دو معروف مذہبی مقامات کے تحفظ اور اپ گریڈیشن کیلئے 11 کروڑ روپے کے دو پروجیکٹ منظور۔

اور

۴۔۔۔۔ آل انڈیا کوٹا کے تحت MBBS اور دیگر انڈر گریجویٹ میڈیکل کورسوں میں کونسلنگ کل سے شروع۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سائنسدانوں اور دیگر ماہرین پر زور دیا ہے کہ وہ ترقیاتی عمل کو دوام بخشتے ہوئے مسائل کا قدرتی طور طریقوں پر مبنی حل نکالنے کیلئے سامنے آجائیں۔آج اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ میں **Strengthening Climate Resilience and livelyhoods in the Himaliyan Region through Nature based Solutions** کے موضوع پر منعقدہ ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا ہمالیائی خطے میں تیزی سے آب وہوا میں تبدیلی آرہی ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو بعض اوقات ناگہانی آفات کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔انہوں نے ترقیاتی عمل اور قدرتی وسائل کے درمیان توازن برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے پالیسی سازوں، سائنسدانوں اور انجینئروں کے سامنے **6** بڑی سفارشات رکھیں۔

**-----V/O-----**

تقریب پر جموں وکشمیر اور لداخ ہائیکورٹ کے قائمقام چیف جسٹس، جسٹس سنجیو کمار، **IUST** کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو اور کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

---

CM مبارک

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کشمیر سے تعلق رکھنے والے مِکسڈ مارشل آرٹ فائٹر اویس یعقوب کو Bulgaria میں منعقد ہوئے Brave CF 107 میں شاندار جیت حاصل کرنے پر انہیں مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اس کامیابی کو جموں کشمیر اور قوم کیلئے باعثِ فخر قرار دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے اُویس یعقوب کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔وزیر اعلیٰ نے اویس کی کامیابی کو جموں وکشمیر کے ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کیلئے ترغیب قرار دیا۔واضح رہے کہ اُویس یعقوب نے **IMMAF** میں دو بار عالمی چیمپئن رہے Delvan Georgiev کو ہرادیا۔

---

عاقب نبی

جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے تیز گیند باز عاقب نبی کو سری لنکا کے خلاف کھیلی جانے والی **2** ٹیسٹ کرکٹ میچوں کی سیریز کیلئے بھارتی کرکٹ ٹیم میں شامل کئے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔انہیں ٹیم میں جسپریت بمراہ کے متبادل کے طور منتخب کیا گیا ہے۔واضح رہے جسپریت بمراہ گھٹنے میں چوٹ لگنے کی وجہ سے اس سیریز میں شرکت نہیں کرپائیں گے۔**29** سالہ عاقب نبی نے سال **2025-26** کا رانجی ٹرافی ٹائٹل جموں وکشمیر کے نام کرانے میں اہم رول ادا کیا تھا۔انہوں نے پوری سیریز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے **60** وکٹیں حاصل کئے تھے۔بھارت اور سری لنکا کے درمیان ہونے والی اس سیریز کا پہلا میچ **15** اگست سے جبکہ دوسرا میچ **23** اگست سے شروع ہوگا۔

---

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے۔آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے ایک ہزار **56** یاتریوں پر مشتمل **26** واں قافلہ وادی کی جانب روانہ کیا گیا۔آج **7** ہزار **477** یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔

---

بارہ مولہ

سماجی بہبود محکمے کی طرف سے آج بارہ مولہ میں شمالی کشمیر کے بارہ مولہ، کپواڑہ اور بانڈی پورہ اضلاع کے لوگوں کیلئے ایک بیداری کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں محکمہ سماجی بہبود کی طرف سے عملائی جارہی **25** اسکیموں کے بارے میں لوگوں کو جانکاری دی گئی۔سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو اس موقعے پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھیں جبکہ وزیر زراعت جاوید احمد ڈار اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کے علاوہ متعدد ارکان قانون سازیہ نے بھی تقریب میں شرکت کی۔مقررین نے اس موقعے پر لوگوں کی معیار کے حیات میں بہتری لانے ان اسکیموں کے رول کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ان اسکیموں کے دائرے میں لانے کیلئے موثر اقدامات کئے جانے چاہئیں۔

---

## سپیکر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج چرار شریف حلقے کے بندر پورہ کرمشورہ میں ایک عوامی دربار کا انعقاد کیا۔اس دوران انہوں نے مختلف علاقوں سے آئے لوگوں کے مسائل سنے۔انہوں نے یقین دلایا کہ لوگوں کے مسائل حل کرنے اور ترقیاتی عمل کو آگے لیجانے کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔

---

## اننت ناگ پروجیکٹ

حکومت نے اننت ناگ ضلع کے دو معروف مذہبی مقامات کو تحفظ دینے اور ان کی اَپ گریڈیشن کیلئے **10** کروڑ **95** لاکھ روپے دو پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔سرکار کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ ان پروجیکٹوں میں **5** کروڑ روپے زیارت شریف کھِرم جبکہ **5** کروڑ **92** لاکھ روپے شیومندر تھاجی وارا بجبہاڑہ کی تجدید نو کیلئے منظور کئے گئے ہیں۔ان پروجیکٹوں کی منظوری عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار کی طرف سے جموں وکشمیر بھر میں مذہبی اور ہیریٹیج مقامات کو تحفظ دینے کے سلسلے میں کی جارہی کاوشوں کا حصہ ہے۔

---

## کونسلنگ

آل انڈیا کوٹا کے تحت ایم بی بی ایس اور دیگر انڈر گریجویٹ میڈیکل کورسز میں داخلے کیلئے کونسلنگ کا پہلا دور کل سے شروع ہورہا ہے اور سال **2026.27** تدریسی سیشن کا آغاز **8** ستمبر سے ہوگا۔میڈیکل کونسلنگ کمیٹی کی طرف سے جاری شیڈول کے مطابق **Deemed** اور سینٹرل یونیورسٹیوں کیلئے کونسلنگ کا پہلا مرحلہ **4** اگست سے **17** اگست تک منعقد ہوگا۔جوائن کرنے کی آخری تاریخ **22** اگست مقرر ہے۔شیڈول کے مطابق کونسلنگ کا دوسرا دور **24** اگست سے **2** ستمبر تک جبکہ تیسرا مرحلہ **10** ستمبر سے **18** ستمبر مقرر کیا گیا ہے۔

---

## وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلی کیشن News on AIR اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی آج نیٹ پیپر لیک معاملے پر طلباء کے احتجاج کے دوران مبینہ پولیس کارروائی اور دیگر معاملات کو لیکر حزب اختلاف کے شوروغل کے چلتے پہلے دوپہر **2** بجے اور اس کے بعد کل تک کیلئے ملتوی کرنا پڑی۔ لوک سبھا کی کارروائی جب پہلے التویٰ کے بعد دوبارہ دوپہر **2** بجے شروع ہوئی تو **Presiding** افسر نے کارروائی کو چلانے کی کوشش کی لیکن حزب اختلاف کے ارکان ایوان کے وسط میں آگئے جسکے بعد کارروائی کو کل صبح تک کیلئے ملتوی کرنا پڑا۔ اسی طرح کے مناظر راجیہ سبھا میں بھی دیکھنے کو ملے۔ ایوان کے چیئرمین سی پی رادھا کرشنن نے کامن ویلتھ گیمز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو مبارکباد دی۔ اسی دوران حزب اختلاف کے ارکان نے احتجاج جاری رکھا جس کے بعد کارروائی کو ملتوی کیا گیا۔

---

لوک سبھا

اس سے قبل لوک سبھا نے سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد سے متعلق ترمیمی بل **2026** منظور کیا۔ بل کی رو سے عدالت عظمیٰ میں ججوں کی تعداد **33** سے بڑھا کر **37** کی جائے گی۔ یہ بل قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں اصلاحات، کارکردگی اور مثبت بدلاؤ کے منتر کو موثر طریقے پر عملایا جارہا ہے۔

---

آوٹ ریچ پروگرام

وزارت اطلاعات ونشریات کے سینٹرل بیورو آف کمیونیکیشن کے فیلڈ آفس سرینگر نے آج گورنمنٹ ہائرسکینڈری اسکول چندی لورہ میں نشہ مکت بھارت ابھیان سے متعلق ایک آوٹ ریچ پروگرام کا انعقاد کیا جس میں کافی تعداد میں طلباء، اساتذہ اور والدین نے شرکت کی۔ اس موقعے فیلڈ پبلسٹی آفیسر شاہد محمد لون، فیلڈ پبلسٹی آفیسر سی بی سی سرینگر نصیر احمد راتھر اور دیگر ماہرین نے شرکاء کو منشیات کے مضر اثرات سے روشناس کیا۔ انہوں نے کہا کہ سماج کو اس بدعت سے پاک کرنے کیلئے ہر طبقے کو اپنا بھرپور رول ادا کرنا چاہئے۔ بعد میں **FPO** نصیر احمد راتھر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----**V/O**-----

---

**CEO**

جموں وکشمیر چیف الیکٹورل افسر سنجیو ورما نے آج راجوری میں ایک سویپ پروگرام کی صدارت کی جس کا مقصد ووٹروں میں حق رائے دہی کے تئیں بیداری پیدا کر کے انتخابی عمل میں ان کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانا تھا۔اس موقعے پر تقریر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ووٹروں میں بیداری پیدا کرنے کا عمل صرف انتخابات تک ہی محدود نہیں رہنا چاہیئے بلکہ یہ عمل انتخابات سے قبل اوران کے بعد بھی جاری رہنا چاہیئے۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ بیداری کے پروگرام سماج کے ہر طبقے میں منعقد کئے جانے چاہئیں تا کہ اس جمہوری عمل میں سب کی شرکت یقینی بنائی جاسکے۔

---

ساگر

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکرٹری علی محمد ساگر نے آج سرینگر میں پارٹی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل کانفرنس جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنے کیلئے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ پارٹی نے ہمیشہ لوگوں کے حقوق اور شناخت کی نمائندگی کی ہے۔انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ موجودہ حالات اور درپیش چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار رہیں۔دریں اثنا نیشنل کانفرنس خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ موجودہ حکومت لوگوں کی خوشحالی اور ترقی کو یقینی بنانے کیلئے تن دہی کے ساتھ کام کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ لوگوں کے مشکلات کا ازالہ کرنے کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔

---

**NC**

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے شہدائے کربلا کے چہلم کے سلسلے میں شعیہ آبادی والے علاقوں اور امام بارگاہوں کے ارد گرد عزاداروں کیلئے ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھی جانی چاہئیں۔

---

**NSD**

آکاشوانی سے ہر شام 6 بجکر 25 منٹ پر نشر ہونے والے کشمیری خبروں کے قومی بلیٹن کے نشریے کا وقت تبدیل کر دیا گیا ہے۔ یہ بلیٹن اب کل یعنی 4 اگست منگلوار سے ہر دن شام 6 بجکر 15 منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

---

**JK صحت**

صحت اور طبی تعلیم محکمے کی طرف سے تیار کردہ جے کے صحت ایپ یوٹی میں شہریوں پر مرکوز طبی خدمات فراہم کرنے کیلئے یونیفائیڈ ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے طور پر ابھرا ہے۔ اس ایپ کے ذریعے ٹیکنالوجی پر مبنی طبی خدمات لوگوں کو قابل رسائی اور شفاف طریقے پر فراہم کی جاتی ہیں جبکہ آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن کے اہداف کی تکمیل میں بھی بہتری آئی ہے۔ واضح رہے کہ یوٹی بھر سے اب تک 15 لاکھ 60 ہزار شہری اس ایپ پر اپنا اندراج کر کے طبی خدمات حاصل کر رہے ہیں۔

---

**JDU**

متعدد سماجی و سیاسی شخصیات آج سرینگر میں جنتادل یونائیٹڈ پارٹی میں شامل ہوئیں۔ اس موقعے پر JDU کے صدر جی ایم شاہین اور پارٹی کے دیگر لیڈران بھی موجود تھے۔ پارٹی صدر نے نئے لوگوں کی پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سے پارٹی مزید مضبوط ہوگی۔

---

**BJP**

بی جے پی جموں و کشمیر کے جنرل سیکرٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج سرینگر میں کئی عوامی وفود کے ساتھ ملاقات کر کے انہیں درپیش کئی مسائل سنے اور دیگر ترقیاتی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کو حکام کے ساتھ ترجیحی بنیادوں پر اٹھایا جائے گا۔ اس موقعے پر جموں و کشمیر بی جے پی کے ترجمان الطاف ٹھاکر کے علاوہ پارٹی کے دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔ دریں اثناء بی جے پی جموں و کشمیر کے سٹیٹ سیکرٹری پون شرما نے کہا ہے کہ ملک کے نوجوانوں میں وزیر اعظم نریندر مودی کی مقبولیت کانگریس اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کیلئے اضطراب کا باعث بنی ہوئی ہے۔

صدر مبارک

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے گلاسگو میں دولت مشترکہ کھیلوں میں **39** میڈل حاصل کرنے کیلئے ٹیم انڈیا کے کھلاڑیوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے **13** سونے کے تمغے، خواتین کھلاڑیوں کی طرف سے **8** میڈل جیتنے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے کھلاڑی مستقبل میں بھی بین الاقوامی کھیل مقابلوں کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرکے ملک کا نام روشن کریں گے۔ دریں اثناء وزیراعظم نے بھی کامن ویلتھ گیمز کے دوران بے مثال کارکردگی دکھانے کیلئے بھارتی دستے کو مبارک باد دی ہے۔ انہوں نے میڈل جیتنے والوں اور ٹیم کے دیگر ممبروں کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان گیمز کے دوران بھارتی کھلاڑیوں نے انتہائی ہنرمندی کا مظاہرہ کرکے ملک کا سَر فخر سے اونچا کیا ہے۔ کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے بھی گلاسگو کامن ویلتھ گیمز میں چوتھا مقام حاصل کرنے کیلئے بھارتی دستے کو مبارکباد دی ہے۔

---

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33.8** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19.7** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **37** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **22.5** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **22** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **46** منٹ پر ہوگا۔

---

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ اجازت دیجئے۔ خدا حافظ۔

---